حَیٌّ

قَیُّوم

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا

گنجینہ درود شریف

معہ

اوراد فتحیہ و اسم اعظم ذخیرۂ عظمیٰ

محمد اسلم نقشبندی مجددی

یٰسٓ

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهُۥ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا

قیوم

مجموعہ درود شریف

معہ اوراد فتحیہ و اسم اعظم

فضائل عظمیٰ

کتاب ہذا میں اللہ جل شانہٗ کے پیارے محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شان و عظمت کی فضیلت بیان کرتے ہوئے مجموعہ درود شریف معہ اوراد و فتحیہ دیا گیا ہے جس میں آپ کیلئے بے شمار فیوض و برکات اور مشکلات، پریشانیوں کا حل درج کیا گیا ہے امید ہے کہ یہ کتاب آپ کیلئے مفید ثابت ہوگی

محمد اسلم نقشبندی مجددی

مشتاق بک کارنر الفضل مارکیٹ اردو بازار لاہور

Marfat.com

نام کتاب ——— گنجینہ درود شریف

مرتب ——— محمد اسلم نقشبندی مجددی

اشاعت ——— اکتوبر ۱۹۹۸ء

زیر اہتمام ——— مشتاق احمد

مطبع ——— اسد پیر، پرنٹرز لاہور

ناشر ——— مشتاق بک کارنر لاہور

تصحیح ——— حافظ قاری نجم احمد

ہدیہ مجلد ——— 170 روپے

سٹاکسٹ: عظیم پبلشرز اردو بازار لاہور

Marfat.com

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱	اوقات درود شریف	۱۰
۲	آداب درود شریف	۱۷
۳	حکایات درود شریف	۱۸
۴	فضائل درود شریف	۲۴
۵	درود شریف قرآن کی روشنی میں	۲۵
۶	درود شریف احادیث کی روشنی میں	۳۱
۷	درود ابراہیمی	۶۰
۸	درود زہر بتول	۶۲
۹	درود خمسہ	۶۴
۱۰	درود اول و آخر	۶۵
۱۱	درود مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم	۶۶
۱۲	درود حصول رحمت	۶۷
۱۳	درود حبیب صلی اللہ علیہ وسلم	۶۸
۱۴	درود تاج	۶۹
۱۵	درود لکھی	۷۵
۱۶	درود استغاثہ	۸۳
۱۷	درود ہزارہ	۸۵
۱۸	درود روحی	۸۶
۱۹	درود دوامی	۸۹
۲۰	درود تنجینا	۹۰
۲۱	درود قرآنی	۹۲
۲۲	درود ناریہ	۹۳
۲۳	درود قلبی	۹۵
۲۴	درود اوّل	۹۷
۲۵	درود نور	۹۹
۲۶	درود طیب	۱۰۰
۲۷	درود کوثر	۱۰۲
۲۸	درود اعلیٰ	۱۰۴

Marfat.com

نمبر	عنوان	صفحہ
۲۹	درُود شافعی	۱۰۵
۳۰	درُود غوثیہ کلاں	۱۰۶
۳۱	درُود غوثیہ خورد	۱۰۸
۳۲	درُود محمدی	۱۱۰
۳۳	درُود حضورؐ کی زیارت کا نسخہ	۱۱۱
۳۴	درُود دیدار نمبر۱	۱۱۱
۳۵	درُود نمبر۲	۱۱۱
۳۶	درُود نمبر۳	۱۱۲
۳۷	درُود نمبر۴	۱۱۳
۳۸	درُود رضویہ	۱۱۳
۳۹	درُود شفائے قلُوب	۱۱۴
۴۰	درُود مقدس	۱۱۶
۴۱	درُود خضری	۱۳۳
۴۲	درُود نعمت عظمیٰ	〃
۴۳	درُود امام بوصیری	۱۳۴
۴۴	درُود مستجاب الدعوت	۱۳۵
۴۵	درُود مجتبیٰ	۱۳۶
۴۶	درُود تعلق	۱۳۶
۴۷	درُود کشف	۱۳۷
۴۸	درُود حل المشکلات	۱۳۸
۴۹	درُود عالی	۱۳۹
۵۰	درُود کمالیہ	۱۴۰
۵۱	درُود قطب	۱۴۱
۵۲	درُود نوری	۱۴۲
۵۳	درُود نقشبندیہ	۱۴۳
۵۴	درُود عابدین	۱۴۴
۵۵	درُود افضل	۱۴۵
۵۶	درُود شاذلی	۱۴۶
۵۷	درُود نجاتِ وبا	۱۴۷
۵۸	درُود حُبِّ رسُول صلی اللہ علیہ وسلم	۱۴۸
۵۹	درُود محمُود	۱۴۸
۶۰	درُود ثمرات	۱۴۹

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۶۱	درُود انعام	۱۵۰
۶۲	درُود تریاق امراض	۱۵۱
۶۳	درُود اعزاز	۱۵۲
۶۴	درُود سیّد احمد بدوی	۱۵۳
۶۵	درُود وسیلہ	۱۵۵
۶۶	درُود نصرت	۱۵۶
۶۷	درُود شفاعت	۱۵۷
۶۸	درُود ابن کثیر	۱۵۸
۶۹	درُود مشاہدہ	۱۵۹
۷۰	درُود برکات کثیرہ	۱۵۹
۷۱	درُود مقرب	۱۶۰
۷۲	درُود ثواب	۱۶۱
۷۳	درُود حضوری	۱۶۲
۷۴	درُود حصول عزت	۱۶۳
۷۵	درُود دُعا و دوا	۱۶۴
۷۶	درُود چشتیہ	۱۶۵
۷۷	درُود حبیبی	۱۶۵
۷۸	درُود الفاتح	۱۶۶
۷۹	درُود اعتصام	۱۶۷
۸۰	درُود الزاہدین	۱۶۹
۸۱	درُود فوائد کثیرہ	۱۷۰
۸۲	درُود الصادقین	۱۷۲
۸۳	درُود مکین	۱۷۴
۸۴	درُود دافع شر اعدا	۱۷۵
۸۵	درُود نعم البدل صدقہ	۱۷۶
۸۶	درُود العاشقین	۱۷۷
۸۷	درُود بشارت	۱۷۸
۸۸	درُود اہل بیتؑ	۱۷۹
۸۹	درُود سید المرسلین	۱۸۰
۹۰	درُود سرور کائنات	۱۸۲
۹۱	درُود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم	۱۸۳
۹۲	بحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا درُود	۱۸۴

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۹۳	درُود رحمت و برکت	۱۸۵
۹۴	درُود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم	۱۸۶
۹۵	بحضورِ سرورِ کونین کا درُود پاک	۱۸۶
۹۶	درُود حبیب خُدا	۱۸۷
۹۷	درُود الطالبین	۱۸۸
۹۸	درُود نورُ القیامہ	۱۸۹
۹۹	درُود مدنی	۱۹۱
۱۰۰	درُود حفاظت	۱۹۲
۱۰۱	درود بلندی درجات	۱۹۳
۱۰۲	درُود مکرم	۱۹۴
۱۰۳	درُود مکاشفہ	۱۹۵
۱۰۴	درُود جمالی	۱۹۷
۱۰۵	درُود اکبر	۱۹۸
۱۰۶	درُود منیر	۲۳۴
۱۰۷	درُود رفاعی	۲۳۶
۱۰۸	درُود فاضل	۲۴۰
۱۰۹	درُود جمعہ	۲۴۸
۱۱۰	درُود مستغاث	۲۵۴
۱۱۱	درُود کبریت	۲۸۹
۱۱۲	درُود صد ہزاری	۳۱۳
۱۱۳	اسناد اسمار اعظم	۳۳۴
۱۱۴	اورادِ فتحیہ	۳۵۰
۱۱۵	خصائص عظمیٰ صلی اللہ علیہ وسلم	۴۰۸

Marfat.com

Marfat.com

بلغ العلی بکمالہٖ

کشف الدجی بجمالہٖ

حسنت جمیع خصالہٖ

صلوا علیہ وآلہٖ

Marfat.com

بحضورِ سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وَأَحْسَنَ مِنْكَ لَمْ تَرَقَطُّ عَيْنِيْ

وَأَجْمَلُ مِنْكَ لَمْ تَلِدِ النِّسَآءُ

خُلِقْتَ مُبَرَّأً مِّنْ كُلِّ عَيْبٍ

كَأَنَّكَ قَدْ خُلِقْتَ كَمَا تَشَآءُ

میری آنکھوں نے کبھی آپؐ سے زیادہ کوئی حسین نہیں دیکھا
عورتوں نے آپؐ سے زیادہ کوئی صاحبِ جمال نہیں جنا
آپؐ کو ہر عیب سے پاک پیدا کیا گیا ہے،
جیسے آپؐ اپنی مرضی کے مطابق پیدا کیے گئے ہوں

Marfat.com

اُوقات دُرُود پاک

دُرُود پاک ایک ایسا بابرکت وظیفہ ہے کہ جو کسی بھی وقت پڑھا جاسکتا ہے یعنی دُرُود شریف پڑھنے کی نہ تو کوئی تعداد معیّن ہے اور نہ ہی وقت اسے جب دل چاہے اور جس قدر چاہے پڑھے۔ دن کو پڑھے یا رات کو پڑھے نماز سے قبل پڑھے یا نماز ادا کرنے کے بعد بطور وظیفہ اس کا وِرد کرے، کھڑے ہو کر پڑھے یا بیٹھ کر پڑھے اس کے پڑھنے میں وقت اور تعداد کی کوئی قید نہیں ہے۔ مگر اکثر مقامات اور اوقات میں دُرُود شریف پڑھنا بہت زیادہ فضیلت کا باعث ہے۔

حسب ذیل اوقات میں دُرُود شریف پڑھنا بے پناہ فضیلت رکھتا ہے بلکہ ذیل میں دیئے گئے بعض اوقات میں تو دُرُود شریف پڑھنا انتہائی لازم ہے۔

(۱) نماز کے آخری قعدہ میں التحیات کے بعد دُرُود پاک پڑھنا لازم ہے۔

(۲) نماز پنجگانہ کے بعد دُعا سے پہلے دُرُود شریف پڑھنا

Marfat.com

مستحب ہے۔

(۳) جمعۃ المبارک کے پہلے اور دوسرے خطبے میں حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پہ درود شریف پڑھنا ضروری ہے۔

(۴) نماز خسوف اور نماز کسوف کے خطبات میں بھی درود شریف پڑھنا ضروری ہے۔

(۵) نماز جنازہ میں دوسری تکبیر کے بعد حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پاک پڑھنا لازم ہے۔

(۶) نماز استسقاء کے خطبے میں بھی درود شریف ضرور پڑھنا چاہیئے۔

(۷) نماز عیدین کے خطبوں میں بھی درود شریف پڑھنا نہایت ضروری ہے۔

(۸) دعا کے شروع اور اختتام پہ درود شریف پڑھنا دعا کی قبولیت کی ضمانت ہے۔

(۹) سوموار کے دن صبح کے وقت درود شریف پڑھنا بہت ہی فیوض و برکات کا باعث ہے اس لیے کہ اسی دن حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ولادت باسعادت ہوئی۔

(۱۰) جمعرات کو نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد یا نماز تہجد کی ادائیگی کے بعد درود شریف کثرت سے پڑھنا مستحب ہے۔

(۱۱) جمعہ کے روز نماز جمعہ سے پہلے یا نماز جمعہ کے بعد درود

Marfat.com

شریف بہت ہی افضل ہے۔

(۱۲) ہفتہ کے دن بکثرت درُود شریف پڑھنا جنّت میں داخلے کی ضمانت ہے۔

(۱۳) اتوار کے دن نماز فجر کے بعد مسجد میں بیٹھ کر درُود پاک پڑھنا ایمان کی سلامتی میں مضبوطی کا باعث ہے۔

(۱۴) ہر روز صبح اور شام کے اوقات میں دُرود شریف پڑھنا رحمتِ باری تعالےٰ کے حصُول کا بہترین ذریعہ ہے۔

(۱۵) مسجد میں داخلے سے قبل اور باہر نکلنے سے پہلے دُرود شریف پڑھنا باعثِ برکت ہے۔

(۱۶) مسجد میں بیٹھ کر جماعت کھڑی ہونے کے انتظار کے وقت میں دُرود شریف پڑھنا بہت بہتر ہے۔

(۱۷) ختم قرآن مجید کے وقت دُرود پاک پڑھنا فضیلت کا باعث ہے۔

(۱۸) رمضان المبارک میں ہر روز دُرود شریف پڑھنا بہت زیادہ اجر و ثواب کا باعث ہے۔

(۱۹) حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسّلام کا اسم پاک لکھتے وقت سنتے وقت اور لیتے وقت دُرود شریف پڑھنا لازم ہے

(۲۰) حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے روضہ مبارک کی زیارت کے وقت بھی درود پاک پڑھنا افضل ہے۔

(۲۱) مدینہ طیبہ اور مسجد نبوی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میں داخل ہوتے

Marfat.com

وقت درُود پاک پڑھنا بہتر ہے۔

(۲۲) حضُور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بابرکت آثار دیکھتے وقت بھی درُود شریف ہی پڑھنا چاہیئے۔

(۲۳) کسی بھُولی ہوئی چیز کی تلاش کے وقت درُود شریف پڑھنے سے بھولی ہوئی چیز یاد آجاتی ہے۔

(۲۴) رات کو سونے سے پیشتر درُود پاک پڑھنا حفاظت و سلامتی کا باعث ہے۔

(۲۵) سوکر اٹھتے وقت درُود پاک پڑھنا عمر میں برکت کا باعث ہے۔

(۲۶) گھر میں داخلے کے وقت درُود پاک پڑھنا گھر میں خیر و برکت کا باعث ہوتا ہے۔

(۲۷) مقام بدر اور مقام احد کو دیکھتے وقت درُود پاک پڑھنا بہت اچھا ہے۔

(۲۸) قبرستان میں داخلے کے وقت درُود شریف پڑھنا بخشش و مغفرت کا باعث ہوتا ہے۔

(۲۹) وعظ و تدریس کے وقت درُود شریف پڑھنا علم میں زیادتی کی علامت ہے۔

(۳۰) وضو کرتے وقت اور وضو کے بعد تیمّم کرنے کے بعد غسل جنابت کرنے کے بعد درُود شریف پڑھنا مستحب ہے۔

Marfat.com

(۳۱) تنگی، سختی اور مصیبت کے وقت درُود شریف پڑھنے سے راحت حاصل ہوتی ہے۔

(۳۲) شب برات میں نصف شب کے وقت استغفار کے بعد درُود شریف پڑھنا قبولیت دُعا کا باعث ہے۔

(۳۳) نکاح کے موقع پر درُود پاک پڑھنا میاں بیوی کے مابین محبت اور خیر و برکت کا باعث ہوتا ہے۔

(۳۴) ریاض الجنّہ اور اصحاب صفہ کے چبوترے پر درُود پاک پڑھنا فیوض و برکات کا حامل ہے۔

(۳۵) مصافحہ اور معانقہ کرتے وقت درُود پاک پڑھنا محبّت کی علامت ہے۔

(۳۶) کسی مجلس سے اُٹھ کر جاتے وقت درُود پاک پڑھنا عزّت و شرف کا باعث ہے۔

(۳۷) عرفات، منیٰ اور مزدلفہ میں قیام کے وقت بھی درُود شریف پڑھنا بہت بہتر ہے۔

(۳۸) حج کے دوران بیشتر وقت درُود شریف پڑھنا بہت زیادہ اجر و ثواب کا باعث ہے۔

(۳۹) غربت و افلاس کی حالت میں درُود شریف پڑھتے رہنے سے بفضل باری تعالےٰ غربت دُور ہو جاتی ہے۔

(۴۰) حجرِ اسود کو بوسہ دیتے وقت درُود پاک پڑھنا نہایت مستحب ہے۔

Marfat.com

(۴۱) صفا و مروہ پر درُود پاک پڑھنا خیر و برکت کا باعث ہے۔

(۴۲) اگر نیند نہ آتی ہو تو اس وقت درُود شریف پڑھنا دِلی سکون ہوتا ہے اور نیند آجاتی ہے۔

(۴۳) کسی مجلس یا اجتماع میں کلام کا آغاز کرنے سے پہلے درُود شریف پڑھنا خیر و برکت کی علامت ہے۔

(۴۴) توبہ کرتے وقت درُود پاک کا پڑھنا توبہ کی قبولیت کا باعث ہے

(۴۵) ذکر و اذکار کی مجلس کے آغاز اور اختتام پر درُود شریف پڑھنا اہل مجلس کی دلی حاجات کی قبولیت کی علامت ہے

(۴۶) طواف وداع کے بعد خانہ کعبہ سے نکلتے وقت بھی درُود پاک کا وِرد کرنا بہتر ہے۔

(۴۷) جمعۃ الوداع کے دن درُود پاک پڑھنا سعادت و فلاح کا باعث ہے

(۴۸) تہمت سے خلاصی حاصل کرنے کے لیے کثرت سے درُود شریف پڑھنا بہت بہتر ہے۔

(۴۹) وصیت لکھتے وقت درُود پاک پڑھنا خاتمہ بالخیر کی علامت ہے

(۵۰) ہر اچھے کام کا آغاز کرتے وقت درُود شریف پڑھنا خیر و برکت کا باعث ہے۔

(۵۱) شب قدر میں کثرت سے درُود شریف پڑھنا اخروی معاملات میں نجات و خلاصی کا باعث ہے

(۵۲) علم کی اشاعت کے وقت درُود شریف سے آغاز کرنا چاہیئے۔

(۵۳) صاف شفاف پانی کو بہتے ہوئے دیکھ کر درُود شریف پڑھنا

Marfat.com

شکر کی علامت ہے۔

(۵۴) سفر کے وقت اور سفر کی حالت میں کثرت سے درُود شریف پڑھنا سفر میں خیر و عافیت کا باعث ہے۔

(۵۵) صحت یابی کے لیے بیماری کے وقت درُود شریف پڑھنا اکسیر ہے۔

(۵۶) قرآن مجید کے حِفظ کرنے کی دُعا میں بھی درُود شریف پڑھنا حافظے کی مضبوطی اور دُعا کی قبولیّت کا باعث ہے۔

(۵۷) خوشبو سونگھتے وقت درُود شریف پڑھنا مستحب ہے۔

(۵۸) کسی شے کے اچھا لگنے کے وقت درُود شریف پڑھنا افضل ہے۔

(۵۹) تجارت یا کاروبار شروع کرتے وقت درُود شریف پڑھنے سے کاروبار میں خیر و برکت پیدا ہوتی ہے اور رزق میں زیادتی ہوتی ہے۔

(۶۰) دوست احباب اور عزیزوں، رشتہ داروں سے ملاقات کے وقت درُود شریف پڑھنا باہمی محبّت میں اضافہ کا باعث ہے

(۶۱) کسی دعوت میں شمولیّت کے وقت درُود پاک کا پڑھنا عزّت و شرف اور برکت کا باعث ہے۔

(۶۲) مُردے کو قبر میں اتارتے وقت درُود شریف کا پڑھنا مُردے کے لیے قبر میں راحت کا باعث ہے۔

Marfat.com

آدابِ دُرُود شریف

(۱) جب اسمِ مبارک لکھے، صلوٰۃ وسلام بھی لکھے یعنی صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پُورا لکھے۔ اس میں کوتاہی نہ کرے۔ صرف ص یا صلعم پر اکتفا نہ کرے

(۲) ایک شخص حدیث شریف لکھتا تھا اور بسبب سُنجل کاغذ کے نامِ مبارک کے ساتھ دُرُود شریف نہ لکھتا تھا۔ اس کے سیدھے ہاتھ کو مرض آکلہ عارض ہوا یعنی ہاتھ اُس کا گل گیا۔

(۳) شیخ ابن حجر مکّی نے نقل کیا ہے کہ ایک شخص صرف صلی اللہ علیہ پر اکتفا کرتا تھا، وسلم نہ لکھتا تھا۔ حضورِ انور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اس کو خواب میں ارشاد فرمایا۔ تو اپنے آپ کو چالیس نیکیوں سے کیوں محروم رکھتا ہے۔ یعنی وسلم میں چار حرف ہیں۔ ہر حرف پر ایک نیکی اور ہر نیکی پر دس گنا ثواب۔ لہٰذا وسلم میں چالیس نیکیاں ہوئیں۔

(۴) دُرُود شریف پڑھنے والے کو مناسب ہے کہ بدن اور کپڑا پاک وصاف رکھے۔

(۵) آپ کے نامِ مبارک سے پہلے سیّدِنا بڑھا دینا مستحب اور افضل ہے۔ دُرِ مختار

Marfat.com

حکایات درُود شریف

(۱) مواہب لدنیہ میں تفسیر قشیری سے نقل کیا ہے کہ قیامت میں کسی مومن کی نیکیاں کم وزن ہو جاویں گی تو رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک پرچہ سر انگشت کے برابر نکال کر میزان میں رکھ دیں گے جس سے نیکیوں کا پلہ وزنی ہو جائے گا۔ وہ مومن کہے گا۔ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو جاویں۔ آپ کون ہیں؟ آپ کی صورت اور سیرت کیسی اچھی ہے۔ آپ فرماویں گے۔ میں تیرا نبی ہوں اور یہ درُود ہے جو تُو نے مُجھ پر پڑھا تھا۔ میں نے تیری حاجت کے وقت اس کو ادا کر دیا۔

(۲) حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کہ جلیل القدر تابعی اور خلیفہ راشد ہیں، شام سے مدینہ منوّرہ کو خاص قاصد بھیجتے تھے کہ ان کی طرف سے روضہ شریف پر حاضر ہو کر درُود و سلام عرض کرے۔

(۳) روضۃ الاحباب میں امام اسمٰعیل بن ابراہیم مزنی سے جو امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے بڑے شاگردوں میں ہیں نقل کیا ہے کہ میں نے امام شافعیؒ

Marfat.com

کو بعد انتقال کے خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ تعالےٰ نے آپ سے کیا معاملہ فرمایا۔ وہ بولے مجھے بخش دیا اور حکم دیا کہ مجھ کو تعظیم و احترام کے ساتھ بہشت میں لے جاویں اور یہ سب برکت ایک درود کی ہے جس کو میں پڑھا کرتا تھا۔ میں نے پوچھا۔ وہ کون سا درود ہے؟ فرمایا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَکُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ ۝

(۴) مناہج الحسنات میں ابنِ فاکہانی کتاب فجرِ منیر سے نقل کیا ہے کہ ایک بزرگ شیخ صالح موسیٰ ضریر (نابینا) تھے انہوں نے اپنا گزرا ہوا قصہ مجھ سے نقل کیا کہ ایک جہاز ڈوبنے لگا اور میں اس میں موجود تھا۔ اس وقت مجھ کو غنودگی سی ہوئی۔ اس حالت میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ کو درود شریف تعلیم فرما کر ارشاد فرمایا جہاز والے اس کو ایک ہزار بار پڑھیں۔ ہنوز تین سو بار پہ نوبت نہ پہنچی تھی کہ جہاز نے نجات پائی۔

(۵) حضرت عبید اللہ بن عمر قواریری سے نقل ہے کہ ایک کاتب میرا ہمسایہ تھا وہ مرگیا۔ میں نے اس کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ پاک نے تیرے ساتھ کیا معاملہ کیا۔ کہا مجھے بخش دیا۔ میں نے سبب

Marfat.com

پوچھا۔ کہا۔ میری عادت تھی جب نامِ پاک رسُول اللہ ـــــ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا کتاب میں لکھتا تو صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بھی بڑھاتا۔ خدائے تعالےٰ نے مجھ کو ایسا کچھ دیا کہ نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سُنا، نہ کسی دل پر گزرا۔

⑥ دلائل الخیرات کی وجہ تالیف مشہور ہے کہ مؤلّف کو سفر میں وضو کے لیے پانی کی ضرورت تھی اور ڈول رسّی کے نہ ہونے سے پریشان تھے ایک لڑکی نے یہ حال دیکھ کر دریافت کیا اور کنوئیں کے اندر تھوک دیا۔ پانی کنارے تک ابل آیا۔ مؤلّف نے حیران ہو کر اس کی وجہ پوچھی۔ اس نے کہا یہ برکت درُود شریف کی ہے جس کے بعد انھوں نے یہ کتاب دلائل الخیرات تالیف کی۔

⑦ شیخ زردق رحمۃ اللہ تعالےٰ عنہ نے لکھا ہے کہ مولف دلائل الخیرات کی قبر سے خوشبو مشک و عنبر کی آتی ہے اور یہ سب درُود شریف کی برکت ہے

⑧ ایک معتمد دوست نے راقم سے ایک خوشنویس لکھنؤ کی حکایت بیان کی کہ ان کی عادت تھی کہ جب صبح کے وقت کتابت شروع کرتا تو اوّل ایک بار درُود شریف ایک بیاض پر جو اسی غرض سے بنائی تھی لکھ لیتے اس کے بعد کام شروع کرتے۔ جب اُن کے انتقال

Marfat.com

کا وقت آیا تو غلبۂ فکرِ آخرت سے خوف زدہ ہو کر کہنے لگے کہ دیکھئے وہاں جا کر کیا ہوتا ہے۔ ایک مجذوب آ نکلے اور کہنے لگے بابا کیوں گھبراتا ہے وہ بیاض سرکار میں پیش ہے اور اس پر صاد بن رہے ہیں۔

⑨ مولانا فیض الحسن صاحب سہارنپوری مرحوم کے داماد نے مجھ سے بیان کیا کہ جس مکان میں مولوی صاحب کا انتقال ہوا وہاں ایک مہینے تک خوشبو عطر کی آتی رہی۔ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے اس کو بیان کیا۔ ارشاد فرمایا۔ یہ برکت درود شریف کی ہے مولوی صاحب کا معمول تھا کہ ہر شب جمعہ کو بیدار رہ کر درود شریف کا شغل فرماتے۔

⑩ ابو زرعہ رحمۃ اللہ علیہ نے ایک شخص کو خواب میں دیکھا کہ آسمان میں فرشتوں کے ساتھ نماز پڑھ رہا ہے اس سے سبب حصول اس درجے کا پوچھا اس نے کہا۔ میں نے دس لاکھ حدیثیں لکھی ہیں جب نام مبارک آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا آتا میں درود لکھتا تھا۔ اس سبب سے مجھے یہ درجہ ملا۔

⑪ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک اور حکایت ہے کہ ان کو بعد انتقال کے کسی نے خواب میں دیکھا اور مغفرت کی وجہ پوچھی۔

Marfat.com

انھوں نے فرمایا کہ یہ درُود شریف کی برکت ہے جو میں شبِ جمعہ کو پڑھا کرتا تھا۔

(۱۲) شیخ ابنِ حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے کہ ایک صالح کو کسی نے خواب میں دیکھا۔ اس سے حال پوچھا۔ اس نے کہا کہ خدا تعالیٰ نے مجھ پر رحم کیا اور مجھے بخش دیا اور جنّت میں داخل کیا۔ سبب پوچھا گیا تو اس نے کہا کہ فرشتوں نے میرے گناہ اور میرے درُود کو شمار کیا۔ سو شمار درُود کا زیادہ نکلا۔ حق تعالےٰ نے فرمایا۔ اتنا بس ہے۔ اس کا حساب مت کرو اور اس کو بہشت میں لے جاؤ۔

(۱۳) شیخ ابنِ حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ ایک مرد صالح نے معمول مقرر کیا تھا۔ کہ ہر رات کو سوتے وقت درُود بعددِ معیّن پڑھا کرتا تھا۔ ایک رات خواب میں دیکھا کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس کے پاس تشریف لائے اور تمام گھر اس کا روشن ہوگیا۔ آپ نے فرمایا۔ وہ منہ لاؤ جو درُود بہت پڑھتا ہے کہ میں اُسے بوسہ دُوں۔ اس شخص نے شرم کی وجہ سے رخسارہ سامنے کر دیا۔ آپ نے اس کے رخسار پر بوسہ دیا۔ بعد اس کے وہ بیدار ہوگیا تو سارے گھر میں مُشک کی خوشبو باقی رہی۔

Marfat.com

(۱۴) شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مدارج النبوۃ میں لکھا ہے کہ جب حضرت حوّا علیہا السّلام پیدا ہوئیں۔ حضرت آدم علیہ السّلام نے اُن پر ہاتھ بڑھانا چاہا۔ ملائکہ نے کہا۔ صبر کرو جب تک نکاح نہ ہو جائے اور مہر ادا نہ کر دو۔ انہوں نے کہا مہر کیا ہے۔ فرشتوں نے کہا کہ رسُول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر تین۳ بار دُرود شریف پڑھنا۔ اور ایک روایت میں بیس۲۰ بار آیا ہے۔

Marfat.com

فضائلِ درود شریف

Marfat.com

دُرُود شَرِیف
قرآن مجید کی روشنی میں

حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر دُرود پاک بھیجنے کا حکم، اور اس کی فضیلت کے بارے میں قرآن مجید میں اللہ تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ
عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا
صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ۝
پ ۲۲

"ترجمہ: "بے شک اللہ اور اس کے فرشتے اپنے نبیؐ پر درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم بھی درُود وسلام آپؐ پر بھیجا کرو۔"

Marfat.com

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی تو حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرۂ انور کا رنگ انار کے دانوں کی طرح انتہائی خوشی و مسرت سے کھِل گیا۔ اور ارشاد فرمایا:

"مجھے مبارک باد پیش کرو کہ آج مجھ پر وہ آیت کریمہ نازل ہوئی ہے جو میرے نزدیک دنیا و مافیہا میں سے ہر چیز سے بہتر ہے۔"

اس کے بعد نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مذکورہ بالا آیت تلاوت فرمائی۔ میں نے حضور سرور کائنات صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ خوشخبری سنتے ہی عرض کیا یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کو یہ نعمت مبارک ہو۔ پھر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم مبارک باد پیش کرتے رہے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ اس آیت مبارکہ کی وضاحت فرمائیں۔ تاکہ ہم لوگ اس کی حقیقت سے آگاہ ہو جائیں۔ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"تم لوگوں نے مجھ سے پوچھ لیا ہے۔ اگر تم لوگ مجھ سے

Marfat.com

دریافت نہ کرتے تو میں کسی کو نہ بتاتا۔ اللہ تعالےٰ نے دو فرشتے مقرر فرما دیئے ہیں کہ جب کوئی مسلمان جہاں کہیں مجھ پر درُود پاک پڑھتا ہے تو یہ دونوں فرشتے اس کے لیے کہتے ہیں۔" اللہ اسے تیری طفیل بخشے " ان دونوں فرشتوں کے جواب میں اللہ تعالےٰ اپنے تمام فرشتوں سمیت آمین کہتا ہے۔ اور اگر کوئی شخص میرا نام سن کہ درُود پاک نہیں پڑھتا تو وہ دونوں فرشتے اس کے لیے کہتے ہیں " اللہ اس کو معاف نہ کرے۔" اس وقت بھی اللہ تعالےٰ اور اس کے فرشتے آمین کہتے ہیں۔"

" روایات میں آتا ہے کہ جب حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام پہ درُود پاک بھیجنے کی آیت کریمہ نازل ہوئی تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ کی بارگاہِ اقدس میں کس طرح درُود وسلام پیش کیا جائے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے ارشاد فرمایا اس طرح درُود وسلام بھیجا کرو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ
مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ
وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ
مَّجِیْدٌ ۝ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی
اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

مفسرین کرام فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے درود پاک کو مخصوص کرنے میں حکمت یہ ہے کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں حضور علیہ الصلوٰۃ

Marfat.com

والسلام کی اُمت کے لیے کلمات خیر حاصل کیے اور دعا مانگی۔

" وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝

تو اللہ تعالےٰ نے اس دعا کو قبولیت کا شرف بخشا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو فرمایا۔ اے ابراہیمؑ! تم چاہتے ہو کہ میرے حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام کی امت تمھارے ذکر خیر سے اپنی زبانوں کو مشرف کرتی رہا کرے۔ اور میں بھی اس ذکر خیر میں شریک رہوں اور فرشتے بھی اس میں مشغول رہیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے عرض کیا اے اللہ تیرا کرم و عنایت ہے۔ چنانچہ خداوند تعالےٰ نے تمام امت محمدیہ کو حضرت ابراہیم علیہ السلام پر درود پاک بھیجنے پر مامور فرما دیا۔

حضرت علامہ فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام خانہ کعبہ کی تعمیر سے فارغ ہوئے۔ تو آپ نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دُعا فرمائی۔ آپ دعا فرماتے جاتے تھے۔ اور حضرت اسماعیل علیہ السلام حضرت اسحاق علیہ السلام، حضرت سارہ علیہا السلام اور حضرت بی بی ہاجرہ سلام اللہ علیہا آمین کہتے جاتے تھے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی اس خواہش کا اظہار فرمایا۔ کہ اُمت محمدیہ کے تمام مشائخ جب کعبۃ اللہ کی زیارت کیلئے آئیں۔ تو دو نفل شکرانہ ادا کریں۔ تو اے اللہ! مجھے ان کا شفیع مقرر فرمانا۔

Marfat.com

حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے دعا مانگی اے اللہ! امتِ محمدیہ میں سے جو بوڑھا ہو کر خانہ کعبہ میں آئے اور تیری عبادت کرے تو تُو اس کو بخش دے۔ سب نے آمین کہا۔ حضرت اسحاق علیہ السلام نے دعا مانگی یا اللہ! امت محمدیہ کا جو نوجوان خانہ کعبہ میں آکر تیری عبادت کرے تو تو اس کو بخش! سب نے آمین کہا حضرت بی بی سارہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کی عورتوں اور حضرت بی بی ہاجرہ نے امتِ محمدیہ کی کنیزوں کے حق میں دعا مانگی کہ اے اللہ! جب وہ تیرے گھر کی زیارت کے لیے آئیں اور اس میں عبادت کریں تو تُو ان کو بخش دینا۔ سب نے آمین کہا۔

اللہ تعالےٰ حضور سرورِ کائنات صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خطاب فرمایا کہ اے میرے حبیبؐ! میرے ابراہیمؑ اور اس کی آل نے آپ کی امت کو اس وقت فراموش نہیں کیا تو آپ کی اُمت کا ہر فرد جب میری عبادت کرے تو ان کو خیر و برکت سے یاد کر لیا کرے تاکہ ان کے احسانات کا بدلہ دیا جا سکے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ اور اس کے فرشتوں کے درود بھیجنے سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ اور فرشتے حضور علیہ السلام پر برکتیں نازل کرتے ہیں۔

Marfat.com

دَرُوْدْ شَرِیْف

احادیث مبارکہ کی روشنی میں

(۱)

بخاری شریف میں حضرت جابر رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ ایک دن حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام منبر پر تشریف فرما ہوئے، آپ نے تین مرتبہ آمین فرمایا۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ نے آج خلافِ معمول تین بار آمین آمین آمین فرمایا ہے۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا ہاں! حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے تھے اور کہا کہ جس شخص کے والدین زندہ ہیں یا ان میں سے ایک بھی زندہ ہے اور وہ شخص ان کی خدمت سے محروم رہا اسے اللہ تعالےٰ اپنی رحمتوں سے محروم کر دے۔ میں نے کہا آمین! پھر کہا جو شخص رمضان المبارک میں موجود ہو اور روزے نہ رکھے۔ اللہ تعالےٰ اسے اپنی رحمت سے محروم کر دے۔ میں نے

Marfat.com

کہا آمین! پھر کہا تیسرا وہ شخص جس نے آپ کا نام مبارک سنا اور درُود نہ پڑھا اسے بھی اللہ تعالےٰ اپنی رحمت و بخشش سے محروم کردے
میں نے کہا آمین!

(۲)

حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دن حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام خوش و خرم تشریف لا رہے تھے، ارشاد فرمایا میرے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام تشریف لائے اور کہا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کیا آپ اس بات پر راضی نہیں ہیں کہ آپ کا کوئی امتی آپ پر ایک بار درُود پاک پڑھے تو میں اس پر دس بار درُود شریف پڑھوں۔ آپ کا اُمتی آپ پر ایک بار سلام پڑھے اور میں اس پر دس بار سلام پڑھوں۔

(۳)

حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جس نے جمعہ کے دن مجھ پر درُود شریف بھیجا اللہ تعالےٰ اس کے اسّی ۸۰ سالہ کے گناہ معاف کردے گا۔
ایک صحابی رضؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم!

Marfat.com

ابو مقاتل نے بتایا ہے کہ آپ پر جمعہ کے دن جو کوئی ساٹھ مرتبہ درود پاک پڑھے گا اللہ تعالےٰ اس کے اسی سالہ گناہ معاف فرماوے گا۔ آپ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہاں اس نے درست کہا ہے۔

اس حدیث شریف کے بارے میں حضرت ابو الحجاج بیان فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا تو آپ نے ابو مقاتل والی حدیث کی تائید فرمائی۔ حضرت ابو الحجاجؒ جب بھی یہ حدیث پاک بیان فرماتے تو کہتے کہ مجھے ابو مقاتلؒ کی روایت کی تصدیق حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواب میں فرما دی ہے اور میرا ایمان ہے کہ جس نے حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا بے شک اس نے حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا۔ کیونکہ شیطان حضورؐ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صورت میں آنے کی طاقت نہیں رکھتا۔

(۴)

حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا،

"مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو۔"

Marfat.com

حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے پوچھا یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ! آپ کے اس دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد بھی آپ کو درُود پہنچتا رہے گا ؟ ارشاد فرمایا ہاں ! اللہ تعالےٰ نے میری قبر پر فرشتے مقرر کر دیئے ہیں ۔ ان کے سردار کا نام صلصائیل ہے ۔ اس کی شکل مرغ جیسی ہے اس کے تین پَر ہیں ۔ اگر وہ پَروں کو کھول دے تو ایک مشرق تک اور دوسرا مغرب تک پھیل جاتا ہے اور ایک میری قبر کو ڈھانپ لیتا ہے ۔ جب کوئی مسلمان یہ درُود پاک پڑھتا ہے ۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

تو فرشتہ اس مسلمان کے منہ سے یہ الفاظ ایسے چن لیتا ہے جس طرح ایک پرندہ دانے کو چنتا ہے ۔ میری قبر پر وہ فرشتہ پر پھیلا کر کہتا ہے یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ! فلاں شخص فلاں کے بیٹے نے آپ پر درُود پاک بھیجا ہے ۔

اس درُود پاک کو فرشتے لکھ لیتے ہیں یہ تحریر نور کے کاغذ پر مشک اذفر سے تحریر کی جاتی ہے ۔ اس کے بیس ہزار درجات ہیں اضافہ ہو جاتا ہے ۔ بیس ہزار نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں ۔ بیس ہزار برائیاں

Marfat.com

نامہ اعمال سے ختم کر دی جاتی ہیں، بیس ہزار درخت نہر کے کنارے لگا دیئے جاتے ہیں، اس تحریر کو مشک اذفر سے سربمہر کر دیا جاتا ہے، اور جب وہ شخص انتقال کر جاتا ہے تو اس کے سرہانے رکھ دیتے ہیں۔

حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔ قیامت کے دن جب زمین پھٹے گی، تو میں باہر سب سے پہلے نکلوں گا، حضرت جبرائیل علیہ السلام میرے لیے سواری لائیں گے، اس کی پیشانی پر کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ لکھا ہوگا۔ اس کے ستر ہزار پَر ہوں گے اس وقت میں لوائے حمد اٹھا کر رضوانِ بہشت کو دوں گا۔ لوائے حمد کے درمیان بھی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ لکھا ہوا ہے۔ لوائے حمد اس قدر وسیع ہے کہ اگر اس کو کھول دیا جائے تو پوری کائنات اس کے نیچے آجائے۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام میرے داہنے ہاتھ ہوں گے۔ میکائیل علیہ السلام بائیں ہاتھ پر ہوں گے۔

اس کے بعد جب میزان عدل کے پاس لوائے حمد نصب کر دیا جائے گا۔ ترازو لگا دیا جائے گا۔ لوگوں کو بلایا جانے لگے گا اور حساب و کتاب شروع ہوگا۔ جب کوئی ایسا شخص حاضر ہوگا جس نے مجھ پر درود پاک پڑھا تھا اور کثرت سے پڑھا تھا اس کے اعمال ترازو میں رکھے جائیں گے ترازو ہلکا ہوگا۔ اعمال تھوڑے ہوں گے

Marfat.com

میں وزن کرنے والے کو کہوں گا، اللہ تعالےٰ تجھ پہ رحم فرمائے ذرا ٹھہر جاؤ۔ اس شخص کی ایک امانت میرے پاس ہے اس نے میرے ساتھ ایک نیکی کی ہے اور اس کے نامۂ اعمال میں لکھی ہوئی ہے۔

چنانچہ اس کا نام جس نے درود پاک پڑھا سامنے لایا جائے گا۔ ترازو پر رکھا جائے گا اس کا پلڑا وزنی ہو جائے گا اور اس کو جنت میں داخل کر دیا جائے گا۔

۵

حضرت ابو سعید الخدری رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جس مجلس میں مجھ پہ درود پاک نہیں پڑھا جاتا وہاں پر سوائے حسرت و یاس کے اور کچھ نہیں ہوتا۔ اگر یہ لوگ جنت میں بھی چلے جائیں تو درود شریف کے بغیر خوشی و مسرت نہیں پا سکیں گے۔"

۶

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا جب کوئی مسلمان مجھ پہ درود پاک پڑھتا

Marfat.com

ہے تو میں اسی وقت اس درُود شریف کا جواب دیتا ہوں۔ اسی طرح جو سلام پیش کرتا ہے اس کا بھی جواب دیتا ہوں۔

۷

حدیث پاک میں آیا ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ میرا جو اُمتی خلوص دل کے ساتھ مجھ پہ درُود شریف پڑھے گا۔ اللہ تعالےٰ اس پہ دس بار درُود بھیجے گا اس کے نامۂ اعمال میں دس نیکیاں لکھے گا۔ اس کے دس درجات بلند ہوں گے اور دس بُرائیاں مٹا دی جائیں گی۔

۸

حدیث پاک میں آتا ہے کہ ایک صحابی نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم! اگر میں رات کا تیسرا حصہ آپ پہ درُود پاک پڑھوں تو کافی ہے؟ آپ نے فرمایا اگر زیادہ پڑھو تو زیادہ اچھا ہے۔ صحابیؓ نے عرض کیا کہ اگر آدھی رات تک درُود پاک پڑھوں تو کافی ہوگا؟ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا نہیں، زیادہ پڑھو تو اس سے بھی بہتر ہے۔

Marfat.com

صحابیؓ نے پوچھا یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم! اگر میں آپ پر ساری رات درود پاک پڑھوں تو پھر؟ آپ نے خوش ہوتے ہوئے فرمایا۔ پھر تو اللہ تعالےٰ کی بھرپور رحمتیں نازل ہوں گی۔ تمہارے غم ختم ہو جائیں گے۔ سارے گناہ مٹ جائیں گے۔

۹

حدیث پاک میں ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف اللہ تعالےٰ نے وحی نازل فرمائی کہ اے موسیٰؑ! کیا تم یہ چاہتے ہو کہ میں تمہارے انتہائی نزدیک ہو جاؤں، تمہارے کلام سے بھی نزدیک، تمہارے دل سے بھی نزدیک، تمہاری زبان سے بھی نزدیک، تمہاری روح اور جسم سے بھی نزدیک، تمہاری آنکھوں کے نور اور تمہاری آنکھ سے بھی نزدیک ہو جاؤں۔ حتیٰ کہ جس طرح تمہاری سماعت کان کے نزدیک ہے، جس طرح تمہاری آنکھوں کی سفیدی آنکھوں کی سیاہی کے نزدیک ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا، یا اللہ! میری تو یہ دل کی خواہش ہے کہ میں تیرے قریب تر ہو جاؤں۔ ارشاد باری تعالےٰ ہوا اے موسیٰؑ پھر تم محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے درود پاک پڑھا کرو تاکہ تمہیں میری قربت کی دولت میسر ہو سکے۔ یہ پیغام بنی اسرائیل

Marfat.com

کو بھی پہنچا دو کہ جو شخص میرے حبیب محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا منکر ہو گا اور ان سے بغض رکھے گا اس پر جہنم کی آگ مسلط کر دی جائے گی۔ اسے میں اپنی زیارت سے محروم کر دوں گا۔ میرا کوئی فرشتہ اس پر رحم نہیں کرے گا۔ میرا کوئی پیغمبر اس کی شفاعت نہیں کرے گا۔ اور اس کو دوزخ کی آگ میں ڈال دیا جائے گا اور اس کی نجات کی کوئی راہ نہیں ہو گی۔

۱۰

ایک مرتبہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد نبوی میں تشریف فرما تھے۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالےٰ عنہم بھی پاس ہی تشریف رکھتے تھے۔ اسی اثنا میں ایک اعرابی آیا اور اس نے آتے ہی حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سلام کرتے ہوئے کہا:

"اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَهْلَ الْقُوٰى الْمَشَائِخُ الْكِرَامِ السَّادِجُ۔"

حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس اعرابی کو اپنے انتہائی قریب بٹھایا۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے عرض

Marfat.com

کیا، یارسُول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم! کیا وجہ ہے کہ آپ نے اس شخص کو اپنے انتہائی نزدیک بٹھا لیا ہے؟ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا، اے ابُوبکرؓ! جبرائیل علیہ السلام نے مجھے خبر دی ہے کہ یہ اعرابی مجھ پہ درُود و سلام بھیجتا رہتا ہے اور ان الفاظ میں درُود پاک پڑھتا ہے کہ آج تک کسی دوسرے نے یہ الفاظ استعمال نہیں کیے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے دریافت کیا، یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم! وہ درُود پاک کونسا ہے ارشاد فرمایا۔

"اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَفِی الْمَلٰٓئِکَۃِ الْاَعْلٰٓی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ۔"

(۱۱)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ حدیث پاک بیان فرماتے ہیں کہ جب کوئی مسلمان حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درُود پاک پڑھتا ہے تو اللہ تعالےٰ ایک فرشتہ کو مقرر کرتا ہے کہ اس درُود شریف

Marfat.com

کے تحفے کو فوراً حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں پہنچاؤ۔ وہ فرشتہ کہتا ہے۔ یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم! فلاں بن فلاں یا فلاں بنت فلاں نے آپ پر ایک بار درود پاک بھیجا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام انتہائی خوشی اور مسرت سے جواب دیتے ہیں کہ میری طرف سے اسے دس بار سلام پہنچاؤ اور اسے پیغام پہنچا دو کہ تم جنت میں میرے نزدیک ہو گے اور اس کی مثال میری ان دو انگلیوں کی طرح ہے جو ایک دوسرے کے ساتھ متصل ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ بات اپنی دونوں انگشت ہائے مبارک ملا کر فرمائی کہ وہ یقینی طور پر میری شفاعت کا مستحق ہو گا۔

(۱۲)

ترمذی شریف میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور سرور کائنات صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، قیامت کے دن لوگوں میں سب سے زیادہ میرے نزدیک وہ شخص ہو گا جس نے مجھ پر سب سے زیادہ درود پاک بھیجا ہے۔

(۱۳)

ترمذی شریف میں حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ روایت فرماتے

Marfat.com

ہیں کہ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اصل میں بخیل وہ شخص ہے۔ جس کے سامنے میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود شریف نہ پڑھے۔

(۱۴)

ترمذی شریف میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ حضور سرور کائنات صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اس شخص کی ناک خاک آلود ہو جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود پاک نہ پڑھے۔

(۱۵)

ترمذی شریف میں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں آپ پر کثرت سے درود پاک پڑھنا چاہتا ہوں اب اس کے لیے اور اپنے اوراد و وظائف کے لیے کتنا وقت مقرر کروں؟ ارشاد فرمایا جتنا تم چاہو۔ عرض کیا چوتھائی؟ فرمایا جتنا تم چاہو اور اگر زیادہ کر لو تو تمہارے لیے اور بہتر

Marfat.com

ہے۔ میں نے عرض کیا نصف؟ فرمایا جتنا تم چاہو اور اگر اس سے بھی زیادہ کرلو تو تمہارے لیے بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا۔ دو تہائی؟ فرمایا جتنا تم چاہو اگر زیادہ کرلو تو یہ تمہارے لیے اور بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا۔ تو پھر میں سارا وقت درود پاک ہی کے لیے مقرر کر لوں۔ ارشاد فرمایا ایسا ہو تو وہ تمہارے سارے کاموں کے لیے کافی ہو گا۔ اور تمہارے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

(۱۶)

حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا تم مجھ پہ جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات کو درود شریف کثرت سے بھیجا کرو۔ کیونکہ باقی دنوں میں ملائکہ تمہارا درود پاک پہنچاتے رہتے ہیں لیکن جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات جو کوئی مجھ پر درود پاک پڑھتا ہے اس کو میں اپنے کانوں سے سنتا ہوں۔

(۱۷)

مشکوٰۃ شریف میں حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ مجھ پر ہر جمعہ کے دن کثرت سے درود پاک بھیجا کرو۔ کیونکہ یہ یوم مشہود

Marfat.com

ہے اس میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔ جو بندہ مجھ پر درود شریف پڑھے اس کی آواز مجھ تک پہنچ جاتی ہے۔ جہاں پر بھی وہ بندہ ہو۔ عرض کیا گیا یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم! کیا آپ کے وصال مبارک کے بعد بھی آپ تک درود شریف پڑھنے والوں کی آواز پہنچے گی؟ ارشاد فرمایا ہاں! وصال کے بعد بھی میں سنوں گا۔ اللہ تعالےٰ نے انبیائے کرام علیہم السلام کے جسموں کو کھانا زمین پر حرام فرمادیا ہے لہذا اللہ کے نبی زندہ ہیں، رزق دیئے جاتے ہیں۔

(۱۸)

مشکوٰۃ شریف میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ میں نے نماز ادا کی جبکہ اس وقت حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تشریف فرما تھے۔ جب میں نماز کی ادائیگی کے بعد بیٹھا اور خدا تعالیٰ کی حمد وثنا کی۔ پھر میں نے حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پاک پڑھ کر دعا مانگی تو حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو مانگ تو تجھے عطا کیا جائے گا۔ تو مانگ تجھے عطا کیا جائے گا۔

Marfat.com

۱۹

مشکوٰۃ شریف میں حضرت فضالہ بن عبیدؓ کے حوالے سے حدیث مبارک درج ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف فرما تھے کہ ایک نمازی آیا۔ جب وہ نماز سے فارغ ہوا تو اس نے اس طرح دعا مانگنا شروع کی اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما۔ یہ سن کر حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے نمازی! تو نے عجلت سے کام لیا ہے۔ جب تو نماز پڑھ کر بیٹھے تو پہلے اللہ تعالےٰ کی حمد و ثنا بیان کیا کر جو اس کی شان کے لائق ہے۔ اس کے بعد مجھ پہ درود پڑھ کر دعا مانگ پھر ایک اور نمازی آیا اور اس نے نماز ادا کر کے اللہ تعالےٰ کی حمد و ثنا بیان کی اور پھر درود شریف پڑھ کر دعا مانگی تو حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اے نمازی! تو دعا کر تیری دعا قبول ہو گی۔

۲۰

ایک حدیث پاک میں آیا ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا جو شخص ہر روز سو مرتبہ درود پاک پڑھے اس کی سو حاجات پوری کی جائیں گی۔ جن میں سے تیس دنیا میں اور باقی آخرت

Marfat.com

میں پوری کی جائیں گی۔

(۲۱)

بیہقی نے لکھا ہے کہ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص میری قبر پر درود پاک پڑھتا ہے اس کو میں خود سنتا ہوں اور جو مجھ سے فاصلہ پر پڑھتا ہے وہ میرے پاس (فرشتوں کے ذریعہ سے) پہنچا دیا جاتا ہے۔

(۲۲)

حضرت انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص مجھ پر کثرت سے درود پاک بھیجے گا وہ عرش کے سایہ تلے ہوگا۔

(۲۳)

طبرانی نے حضرت ابو الدرداء رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے حوالے سے لکھا ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص صبح و شام مجھ پر دس دس مرتبہ درود پاک پڑھے اس کو روز قیامت

Marfat.com

میری شفاعت پہنچ کر رہے گی۔

(۲۴)

مسند فردوس میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے لکھا ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا، جو شخص مجھ پر درود پاک بھیجتا ہے تو ایک فرشتہ اس درود پاک کو لے جا کر اللہ تعالےٰ کی بارگاہ اقدس میں پیش کرتا ہے پھر ارشاد باری تعالےٰ ہوتا ہے کہ اس درود پاک کو میرے بندہ کی قبر کے پاس لے جاؤ یہ اس کے لیے استغفار کرے گا۔ اور اس کے باعث اس کی آنکھ ٹھنڈی ہوگی۔

(۲۵)

بخاری شریف میں لکھا ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ حضرت کعب رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے مجھ سے فرمایا کہ اے عبدالرحمٰن! میں تجھے ایک ایسا ہدیہ دوں جو میں نے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سنا ہے۔ میں نے کہا ضرور چنانچہ انھوں نے فرمایا کہ ہم نے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے

Marfat.com

عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ پر کن الفاظ کے ساتھ درود پاک پڑھا جائے (کیونکہ) اللہ تعالےٰ نے یہ تو ہمیں بتا دیا ہے کہ آپ پر کس طرح سلام بھیجیں۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ اس طرح درود پاک پڑھا کرو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

(۲۶)

ابوداؤد شریف میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے حوالے سے درج ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ وہ جب درود پاک پڑھے ہمارے گھرانے پر، تو اس درود پاک کا ثواب بہت بڑی تعداد میں دیا جائے تو وہ ان الفاظ سے درود پاک پڑھا کرے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ

Marfat.com

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

ترجمہ: "اے اللہ! درود بھیج محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو نبی اُمّی ہیں اور آپ کی ازواج مطہرات پر جو تمام مومنین کی مائیں ہیں اور آپ کی آل پر اور آپ کے اہل بیت پر جیسا کہ درود بھیجا تو نے آل ابراہیم پر بیشک حمد اور بزرگی کے لائق تو ہی ہے۔

(۲۷)

ابوداؤد شریف میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے درج ہے، کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جو قوم کسی مجلس میں بیٹھے، اور اس مجلس میں اللہ تعالےٰ کا ذکر اور اس کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر درود پاک نہ ہو تو یہ مجلس ان پر روز قیامت ایک وبال ہوگی۔ پس اللہ تعالےٰ چاہے، تو ان کو عذاب دے، اور اگر چاہے، تو ان کو معاف کر دے۔

(۲۸)

مسلم شریف و ترمذی شریف میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی کے حوالے سے درج ہے، کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد

Marfat.com

فرمایا، جب تم اذان کی آواز سنا کرو، تو مؤذن جو الفاظ کہے، وہی تم کہا کرو، اس کے بعد مجھ پر درود پاک پڑھا کرو، اس لیے کہ مجھ پر جو شخص ایک مرتبہ درود پاک بھیجتا ہے۔ اللہ تعالےٰ اس پر دس مرتبہ درود پاک بھیجتا ہے۔ اس کے بعد اللہ تعالےٰ سے میرے لیے وسیلہ کی دعا کرو۔ کیونکہ وسیلہ جنت کی ایک منزل (درجہ) ہے جو صرف ایک نبی بندے کو ملے گا۔ اور مجھے امید ہے، کہ وہ ایک بندہ میں ہی ہوں۔ پس جو شخص میرے لیے اللہ تعالیٰ سے وسیلہ کی دعا کرے گا۔ اس پر میری شفاعت واجب ہو جائے گی۔

۲۹

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ کہ میں نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے۔ کہ حضور سرورِ کائنات صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، مجھے سوار کے پیالہ کی مانند نہ بناؤ، جو پہلے اس کو پانی سے بھرتا ہے، پھر اس کو رکھ دیتا ہے۔ اور اپنے سامان کی ترتیب اور اس کو اٹھانے اور ہٹانے میں مصروف ہو جاتا ہے۔ اور جب پھر اس کو پانی کی ضرورت ہوتی ہے، تو اس میں سے پیتا ہے، وضو کرتا ہے، ورنہ اس کو پھینک دیتا ہے، تم جب بھی دعا کرو، تو شروع میں مجھ پر درود پاک پڑھو، دعا کے درمیان میں بھی درود پاک پڑھنے سے غفلت نہ برتو اور دعا کے آخری کلمات درود پاک

Marfat.com

پر ختم ہونے چاہئیں۔

(۳۰)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جس نے کتاب میں مجھ پر درود پاک لکھا جب تک اس کتاب میں میرا نام ہے۔ اس کے لکھنے والے کے لیے فرشتے مغفرت طلب کرتے رہیں گے۔

(۳۱)

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ کہ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ جتنی دیر تک کوئی مجھ پر درود پاک پڑھتا رہتا ہے۔ اتنی مدت تک فرشتے اس کے لیے رحمت طلب کرتے رہتے ہیں۔ اب چاہے۔ بندہ زیادہ دیر تک پڑھے۔ یا کم وقت پڑھے۔

(۳۲)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں۔ کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جس نے اذان سنتے ہی بعد میں یہ کلمات

Marfat.com

پڑھے، اس کے لیے قیامت کے دن میری شفاعت واجب ہو گی۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ

(۳۳)

حضرت ابن وہب رضی اللہ عنہ، بیان فرماتے ہیں، کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، کہ جس نے میرے لیے دس مرتبہ درود پاک پڑھا، اس کو اتنا اجر ملے گا، جتنا کہ ایک غلام آزاد کرنے سے ملتا ہے

(۳۴)

حدیث پاک میں آتا ہے۔ کہ ایک دن حضرت جبرائیل علیہ السلام! حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہوئے۔ اور کہا کہ میں نے آسمانوں پر ایک ایسا فرشتہ دیکھا، جو تخت پر بیٹھا ہوا تھا۔ اور اس کی خدمت میں ستر ہزار فرشتے صف بستہ کھڑے تھے۔ اس کے ہر سانس سے اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا فرماتا ہے۔ ابھی ابھی میں نے اسے شکستہ پروں کے ساتھ کوہ قاف میں روتے ہوئے دیکھا ہے، اس نے جب مجھے دیکھا تو

Marfat.com

کہا تم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں میری سفارش کرو۔ میں نے اس سے پوچھا۔ کہ تیرا جرم کیا ہے؟ اس نے کہا کہ معراج شریف کی شب جب محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی سواری گزری۔ تو میں تخت پر بیٹھا رہا۔ تعظیم کے لیے کھڑا نہیں ہوا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے مجھے اس جگہ اس عذاب میں مبتلا کر دیا ہے۔ حضرت جبرائیل فرماتے ہیں، کہ میں نے اللہ تعالیٰ کے حضور اس کی سفارش کی۔ اللہ تعالیٰ نے مجھ سے فرمایا تم اس سے کہو، کہ یہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے۔ چنانچہ اس فرشتہ نے آپ پر درود پاک بھیجا۔ تو اللہ تعالیٰ نے اس کی اس لغزش کو معاف فرما دیا۔ اور اس کے نئے پر بھی پیدا فرما دیئے۔

۳۵

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں، کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا۔ کہ قیامت کے دن ایک جماعت کو حکم ہوگا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے یہ سن کر عرض کیا۔ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم! یہ کون لوگ ہونگے؟ آپ نے فرمایا۔ یہ وہ لوگ ہوں گے۔ جن کے سامنے میرا نام لیا گیا۔ مگر وہ درود پاک نہ پڑھ سکے۔

Marfat.com

(۳۶)

حضرت علی رضی اللہ عنہ، روایت فرماتے ہیں۔ کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا۔ کہ ہر دعا کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پہنچنے کے لیے ان حجابات سے گزرنا پڑتا ہے۔ جو آسمانوں کے درمیان ہیں۔ یہ حجابات درود پاک کے بغیر کسی چیز سے نہیں کھلتے۔ جب درود پاک پڑھا جاتا ہے۔ تو یہ حجابات اُٹھ جاتے ہیں، اور یہ دعا آسمانوں سے بلند ہوتی جاتی ہے۔ اگر درود پاک نہ پڑھا جائے۔ تو یہ دعا واپس لوٹ آتی ہے۔

(۳۷)

حضرت زید بن رفیع رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں، کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا۔ کہ جو شخص جمعہ کے دن مجھ پر ایک سو مرتبہ درود شریف بھیجے گا، اللہ تعالیٰ اس کے سمندروں کے جھاگ کی مقدار میں گناہ معاف فرمادے گا۔

(۳۸)

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں، کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ

Marfat.com

والسلام نے حجتہ الوداع کے خطبہ میں ارشاد فرمایا۔ اے میری اُمت! اللہ تعالیٰ تمہارے گناہوں کو اس استغفار کی وجہ سے بخش دے گا۔ جو تم نے صدقِ نیت سے کی ہے۔ تمہارے وہ گناہ معاف فرما دے گا۔ جو تم صدقِ نیت سے معاف کروانے کی خواہش رکھو گے۔ تم اس استغفار کے ساتھ "لا الہ الا اللہ" ضرور پڑھو۔ لیکن یاد رکھو کہ جو مجھ پر درود پاک پڑھے گا۔ میں قیامت کے روز اس کی شفاعت کروں گا۔

۳۹

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ، بیان فرماتے ہیں۔ کہ ایک دن حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے بیتِ اطہر سے باہر آئے۔ اور ارشاد فرمایا۔ کہ کل رات مجھے عجیب و غریب خواب دکھائی دیا ہے۔ میں نے اپنی امت کا ایک آدمی پُل صراط پر سے گزرتے ہوئے دیکھا۔ جو کانپ رہا تھا۔ اور لرزتا ہوا جا رہا تھا۔ (اسی اثنا میں) درود پاک کا وہ تحفہ جو اس نے اپنی زندگی میں مجھ پر بھیجا تھا۔ آ پہنچا۔ اس کا ہاتھ پکڑا اور اسے پُل صراط پار کرا دیا۔

۴۰

حضرت علی رضی اللہ عنہ، روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص حج ادا کرنے کے بعد کفار کے ساتھ جہاد میں شریک ہوا۔ اس حج کا ثواب چار سو حج جیسا ہوگا۔ لیکن جو غریب مساکین حج و جہاد کی نعمت سے محروم رہیں گے۔ وہ شکستہ خاطر اور مایوس ہوں گے (مگر) اللہ تعالےٰ نے مجھے وحی کے ذریعہ سے بتا دیا ہے کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپ کا کوئی بھی امتی اگر آپ پر درود پاک بھیجے گا تو میں ان کے نامہ اعمال پر چار سو غزوات کی شرکت کا ثواب اور چار سو حج کے درجات لکھ دوں گا۔

(۴۱)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا قیامت کے دن میری امت کے ایک شخص کو جہنم کی آگ میں ڈالنے کا حکم ہوگا۔ وہ روتے ہوئے کہے گا، اے ملائکہ مجھے کہاں پر پھینکنے کا حکم ہوا ہے؟ فرشتے کہیں گے کہ جہنم میں۔ وہ کہے گا کہ مجھے چند لمحات کی مہلت دے دو، تاکہ میں اپنی حالت پر روسکوں۔ فرشتے کہیں گے اے شخص! یہ ندامت کے آنسو تو تجھے اپنی زندگی میں بہانے چاہئیں تھے تاکہ تجھے کوئی فائدہ ہوتا آج رونے سے کیا حاصل ہے۔ وہ شخص کہے گا کہ

Marfat.com

میں حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد میں سے ہوں۔ جہنم کی آگ کو برداشت کرنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت میں سے ہوں۔ مجھے اپنے خدا تعالےٰ سے یہ گمان کبھی نہ تھا۔

فرشتے اس سے پوچھیں گے اے اللہ کے بندے! تجھے اپنے اللہ تعالےٰ سے کیا گمان تھا؟ وہ کہے گا کہ مجھے اپنے اللہ تعالےٰ سے یہ اُمید تھی کہ وہ مجھے کفار کے ساتھ دوزخ میں نہیں رکھے گا فرشتے کہیں گے وہ دیکھو حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں کھڑے ہیں ان کو پکارو تاکہ وہ تیری شفاعت کر سکیں ورنہ تجھے جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔ وہ بندہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو پکارے گا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اس بندہ کی آواز پر توجہ فرمائیں گے اور دیکھیں گے کہ اس کو عذاب کے فرشتوں نے جکڑ رکھا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرشتوں سے فرمائیں گے کہ اسے میرے حوالے کر دیا جائے تاکہ اس کے اعمال کو دوبارہ تولا جا سکے۔ فرشتے عرض کریں گے یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم اللہ تعالےٰ کے فرمانبردار ہیں یہ جو کچھ ہم کر رہے ہیں اسی کے حکم کے تحت کر رہے ہیں۔ جب تک اللہ تعالےٰ کا فرمان نہ ہو ہم اس کو

Marfat.com

نہیں چھوڑ سکتے۔

حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اس وقت سجدہ میں گر جائیں گے اور عرض کریں گے اے اللہ! آج تیرے فرشتے میرے اور تیرے ایک بندے کے درمیان حائل ہو رہے ہیں۔ ارشاد باری تعالےٰ ہوگا اے فرشتو میرے بندے کو میرے پیغمبر کے حوالے کر دو۔ چنانچہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اس گنہگار امتی کو لے کر میزان کے پاس تشریف لائیں گے اور نیکیوں کے دفتر میں سے ایک مٹھی میزان میں رکھیں گے جس سے برائیاں دب کر رہ جائیں گی۔ ارشاد باری تعالےٰ ہوگا کہ اس بندے کو جنت میں لے جاؤ۔ جب اس بندے کو جنت کی طرف لے جایا جائے گا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جنت کے دروازے پر کھڑے دکھائی دیں گے۔ آپ مسکرا کر فرمائیں گے مجھے پہچانتے ہو؟ وہ کہے گا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرمائیں گے کہ وہ نیکیوں کی ایک مٹھی جو تمہاری تمام برائیوں پر غالب آگئی تھی وہ درود پاک تھا جو تم دنیاوی زندگی میں میرے لیے پڑھا کرتے تھے۔

وہ شخص اسی وقت حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قدم

Marfat.com

بوسی کرے گا اور عرض کرے گا اگر آپ آج میری شفاعت نہ فرماتے اور میرا درود پاک آپ کی ذاتِ اطہر پر نہ ہوتا تو میں دوزخ کی آگ میں ہوتا۔

قصیدہ بردہ شریف کا شعر

وَمَنْ تَكُنْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ نُصْرَتُهٗ
اِنْ تَلْقَهُ الْاُسْدُ فِيْ اٰجَامِهَا تَجِمِ

اور جس شخص کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تائید و نصرت حاصل ہو اگر اس کا مقابلہ شیروں کے خونخوار بپھرے ہوئے غول سے ہو تو وہ بھاگ جائیں گے یا بزدل ہو کر بیٹھ رہیں گے۔

Marfat.com

دَرُوْدِ اِبْرَاهِیْمِیْ

دُرود شریف پڑھنے کے بے شمار فضائل قرآن کریم اور احادیث نبویؐ سے ثابت ہیں۔ قرآن کریم کی مندرجہ ذیل آیت کریمہ سے دُرود شریف پڑھنے کی تاکید معلوم ہوگی۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ه

(بیشک اللہ اور اس کے فرشتے حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوٰۃ بھیجتے ہیں۔ اے مسلمانو! تم بھی ان پر دُرود اور سلام بھیجو)

